وزیر اعظم کا دورہ فرانس اور متحدہ عرب امارات (13-15 جولائی 2023)

12جولائی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 13 سے 15 جولائی 2023 تک فرانس اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کا سرکاری دورہ کریں گے۔

وزیر اعظم فرانس کے صدر عزت مآب جناب ایمانوئل میکرون کی دعوت پر 13 سے 14 جولائی 2023 تک پیرس کا دورہ کریں گے۔ وزیر اعظم 14 جولائی 2023 کو باسٹل ڈے پریڈ کے مہمان خصوصی ہوں گے، جہاں ہندوستان کی تینوں افواج پر مشتمل ہندوستانی مسلح افواج کا دستہ حصہ لے گا۔

وزیراعظم صدر میکرون سے باضابطہ بات چیت کریں گے۔ صدر میکرون وزیر اعظم کے اعزاز میں ایک سرکاری ضیافت کے ساتھ ساتھ نجی عشائیہ کی میزبانی کریں گے۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی فرانس کے وزیر اعظم کے ساتھ ساتھ سینیٹ اور فرانس کی قومی اسمبلی کے صدور سے بھی ملاقات کریں گے۔ وہ فرانس میں مقیم ہندوستانی باشندوں، ہندوستانی اور فرانسیسی کمپنیوں کے سی ای اوز اور ممتاز فرانسیسی شخصیات سے الگ بات چیت کریں گے۔

اس سال ہندوستان-فرانس اسٹریٹجک پارٹنرشپ کی 25 ویں سالگرہ منائی جارہی ہے، اور وزیر اعظم کا دورہ مستقبل کے لیے مختلف شعبوں جیسے اسٹریٹجک، ثقافتی، سائنسی، علمی اور اقتصادی تعاون کے لیے شراکت داری کے کورس کو چارٹ کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

وزیر اعظم اس کے بعد 15 جولائی کو ابوظہبی کا دورہ کریں گے۔ وزیر اعظم متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ محمد بن زاید آل نہیان سے بات چیت کریں گے۔ ہندوستان-یو اے ای جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ مسلسل مضبوط ہو رہی ہے اور وزیر اعظم کا دورہ توانائی، تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، خوراک کی حفاظت، فنٹیک، دفاع اور ثقافت جیسے مختلف شعبوں میں اسے آگے بڑھانے کے طریقوں کی نشاندہی کرنے کا ایک موقع ہوگا۔ یہ عالمی مسائل پر تعاون پر تبادلہ خیال کرنے کا ایک موقع بھی ہوگا، خاص طور پر UNFCCC

کے COP-28 کی UAE کی صدارت اور ہندوستان کی G-20 صدارت کے تناظر میں جس میں UAEخصوصی مدعو ہے۔

نئی دہلی
جولائی 2023 12